© rasailojaraid.com

# موت العالم موت العالم

## حضرت مولانا سید عبدالحنان شاہ (کوئٹہ) کا سانحہ ارتحال

جمعیت الہدی الخیریۃ پاکستان کے ڈائریکٹر اور نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث کوئٹہ حضرت مولانا سید عبدالحنان شاہ طویل علالت کے بعد مورخہ 6 فروری بروز ہفتہ وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم گوناگوں صفات کے حامل، دینی، سماجی، فلاحی اور خدمت خلق کے اداروں کے روح رواں اور ہمہ جہت شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ دعوتی و تبلیغی اور رفاہی سرگرمیوں میں مگن رہے، بالخصوص کوئٹہ بلوچستان میں جامعہ سلفیہ دعوۃ الحق اور جمعیت الہدی الخیریۃ کے تحت گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ ان کی نماز جنازہ سبزہ زار سکیم بلاک جی لاہور کی گراؤنڈ میں شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم نے پڑھائی۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ بعد ازاں مرحوم کے بیٹوں اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی بلندی درجات کیلئے دُعا کی۔

## حضرت مولانا عبداللہ مدنی جھنڈانگری انتقال پُر ملال

نیپال کے معروف عالم دین مولانا عبداللہ عبدالتواب مدنی جھنڈانگری دل کا دورہ پڑنے سے کھٹمنڈو میں مورخہ 22 دسمبر بروز منگل وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم جماعت اہل حدیث کے نامور ارجید علماء میں سے تھے۔

## حضرت مولانا عبدالحکیم سیف (کوٹ رادھا کشن قصور) کا انتقال پُر ملال

سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع قصور اور ناظم جامعہ محمدیہ قدوسیہ کوٹ رادھا کشن مورخہ 29 جنوری بروز جمعۃ المبارک وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم نے پوری زندگی دین کی تعلیم اور تبلیغ میں گزار دی جو کہ یقیناً ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

## مولانا عبدالحفیظ مظہر (ڈسکہ) کو صدمہ

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث تحصیل ڈسکہ اور کنوینئر عالمی تحریک ختم نبوت اہل حدیث کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب بیدار خاتون تھیں۔



© rasailojaraid.com